ضخامت . . . ۸۰ اصفحات

ناشر . . . شعبۂ تصنیف وتالیف دارالعلوم اسلامیہ لبغہ (ضلع ہزارہ)

دنیا میں موجود تمام اناجیل میں سے معتبر اور صحیح انجیل "برنا باس کی انجیل ہے، برنا باس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک ممتاز حواری تھے۔ اس انجیل کو صدیوں تک اہل کلیسا نے دنیا کی نظروں سے چھپائے رکھا کیونکہ اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وہ بشارات صاف الفاظ میں موجود ہیں، جو انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں دی تھیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی اس میں کئی مقامات پر آیا ہے۔

اس کتاب سے تحریف شدہ عیسائیت کے مروجہ عقائد پر زبردست زد پڑتی تھی اس لئے اہل کلیسا نے اسے تلف کرا دیا۔

لیکن حال ہی میں اس کی بازیافت نے دنیا کو چونکا دیا ہے اور اس کے مندرجات سے متاثر ہو کر گذشتہ سال کئی امریکی خاندان مشرف بہ اسلام ہو گئے ہیں۔

"انجیل برنا باس کا مطالعہ"، کا پہلا حصہ مذکورہ انجیل کے اٹھائیس اہم ابواب کا براہ راست انگریزی سے اردو میں ترجمہ ہے (۱۹۷۳ء کے آغاز میں قرآن کونسل آف پاکستان، کراچی نے اس کا انگریزی متن شائع کیا تھا) اور دوسرے حصہ میں اس انجیل کی حیثیت اور اہمیت کا جائزہ زیادہ تر مسیحی علماء ہی کے حوالوں سے لیا گیا ہے جس سے اہل کلیسا کے اعتراضات کا جواب بھی انہیں مل گیا ہے اور ان کی طرف سے انجیل مذکورہ کی تردید کی حقیقت بھی کھل کر سامنے آجاتی ہے۔

موضوع اور وقت کے لحاظ سے یہ کتاب بیحد اہم اور اس کا مطالعہ بہت ضروری ہے۔ کتاب میں کہیں بھی قیمت وغیرہ کا حوالہ نہیں دیا گیا۔

نام کتاب . . . سبیل الرشاد فی تفریق التبادلہ والتصیار

مرتب . . . فضل حق ہاشمی السلفی

ناشر . . . جمعیت اہلحدیث میانوالی

ضخامت . . . ۸۰ صفحات

قیمت . . . ۱/۵۰ روپے